R/343/21

M.A. III SEMESTER (Main/ATKT) EXAMINATION, DECEMBER-2021

## Urdu Literature

## PAPER - I

## Dastan, Masnavi, Drama

Time : Three hours | Maximum Marks : 40
Minimum Marks : 14

Note :

نوٹ:۔ ۱۔ سبھی سوالات لازمی ہیں۔
۲۔ تمام سوالوں کے نمبر ان کے سامنے درج ہیں۔

(Section - A) (حصہ الف)

سوال نمبر ۱:۔ مندرجہ ذیل سوالات کے صحیح جوابات منتخب کیجیے۔ 1×5=5

(i) مُلّا وجہی کس جگہ کے باشندے تھے۔
(A) لکھنؤ (B) گولکنڈہ (C) دہلی (D) فیض آباد

(ii) میر امّن کا سنِ پیدائش کیا ہے۔
(A) ۱۵۶۵ء (B) ۱۴۳۶ء (C) ۱۶۵۲ء (D) ۱۷۴۸ء

(iii) میر امّن نے باغ و بہار کہاں پر لکھی۔
(A) دہلی کالج (B) فورٹ ولیم کالج (C) لکھنؤ کالج (D) علی گڑھ کالج

(iv) سرور کی تاریخ وفات کیا ہے۔
(A) ۱۸۶۷ء (B) ۱۸۹۲ء (C) ۱۸۹۶ء (D) ۱۹۱۱ء

(v) فسانۂ عجائب میں کس معاشرے کی جھلک نظر آتی ہے۔
(A) دہلی (B) کشمیر (C) علی گڑھ (D) لکھنؤ





آئینے کی طرف خیال کرتے ہیں تو ایک سفید بال مونچھوں میں نظر آیا کہ مانند تار مقیش کے چمک رہا ہے۔ بادشاہ دیکھ کر آبدیدہ ہوئے اور ٹھنڈی سانس بھری۔ پھر دل میں اپنے سوچ کیا کہ افسوس تو نے ناحق اتنی عمر برباد کی اور اس دنیا کی حرص میں ایک عالم کو زیر و زبر کیا۔ اتنا ملک جو لیا اب تیرے کس کام آوے گا۔

(ب)

صاحبو! دنیائے دوں نیرنگی زمانہ سفلہ پرور بوقلموں عبرت و دید کی جا ہے۔ گرما گرم آیند و رند کا بازار ہے۔ کس و ناکس ناپائدار لہو و لعب کا خریدار ہے۔ اپنے کام میں مصروف قضا ہے۔ جو شے ہے فنا ہے۔ معاملات قضا و قدر سے ہر ایک ناچار ہے۔ یہی مسئلہ جبر و اختیار ہے۔ کوئی کسی کی عداوت میں ہے کوئی کسی کا شیدا ہے۔

—×—×—

2×5=10 (حصہ ب) SECTION-B

(مختصر سوالات)

سوال نمبر۲۔ داستان کی تعریف کیجئے۔ اور چار مشہور داستان نگاروں کے نام انکی ایک داستان کے نام کے ساتھ لکھئے۔

یا

اردو میں داستان نگاری کی عروج پر روشنی ڈالئے۔

سوال نمبر۳۔ مُلّا وجہی کے حالات زندگی بیان کیجئے۔

یا

"سب رس" داستان نگاری کا سنگ میل ہے اس قول کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر۴۔ میر امّن کے مختصر سوانح حیات لکھئے۔

یا

باغ و بہار کی پانچ اہم خوبیاں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر۵۔ رجب علی بیگ سرور کے حالات زندگی لکھئے۔

یا

فسانۂ عجائب کے کسی ایک کردار کا تعارف دیجئے۔

سوال نمبر۶۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک حصّے کی تشریح کیجئے۔ اور سیاق و سباق کا حوالہ بھی دیجئے۔

(الف) سن اے خردمند! میری ساری عمر اسی ملک گیری کے دردِ سر میں کٹی اب یہ سن و سال ہوا۔

(ب) مدتوں صدائے مرغ سحر کے رنج اٹھائے۔ کبھی دم نہ مارا، شکوہ لب پر نہ لائے۔

—×—





5×5=25 (حصہ س) SECTION-C تفصیلی سوالات

سوال نمبر۷۔ اردو میں داستان نگاری کے آغاز و ارتقاء کا جائزہ لیجئے۔

یا

اردو میں داستان نگاری کی مختصر تاریخ قلم بند کیجئے۔

سوال نمبر۸۔ مُلّا وجہی کی داستان نگاری پر تبصرہ کیجئے۔

یا

"سب رس" میں حسن و عشق کے پیرائے میں تصوف کے مسائل نہایت خوبی سے پیش کئے گئے ہیں۔

اس قول کی روشنی میں "سب رس" کے اسلوب بیان کی خوبیاں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر۹۔ میر امّن کی داستان نگاری کے محاسن بیان کیجئے۔

یا

"باغ و بہار" کے پیش نظر میر امن کی داستان نگاری کا تجزیہ کیجئے۔

سوال نمبر۱۰۔ رجب علی بیگ سرور کی داستان نگاری پر تنقید کیجئے۔

یا

"فسانۂ عجائب" کی اہم خوبیاں لکھئے۔

سوال نمبر۱۱۔ حسب ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح کیجئے۔ اور سیاق و سباق کا حوالہ بھی دیجئے۔

(الف) اس امید میں بادشاہ کی عمر چالیس برس کی ہو گئی۔ ایک دن شیشی محل میں نماز ادا کر کے وظیفہ پڑھ رہے تھے کہ ایک بارگی

R/353/21

M.A. III SEMESTER (Main/ATKT) EXAMINATION, DECEMBER-2021

# Urdu Literature

## PAPER - II

## Nazme Jadid

Time : Three hours

Maximum Marks : 40
Minimum Marks : 14

Note :

نوٹ :- یہ سوالنامہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔
ہر حصّہ کے لئے الگ الگ نمبر مختص ہے۔

5×1=5

**SECTION-A** (حصہ الف)

معروضی سوالات (Objective)

(۱) نظم کا لغوی معنیٰ ہے۔

(A) کپڑا سلنا (B) مالا بنانا (C) موتی پرونا

(ii) نظیر اکبرآبادی کے والد کا نام ہے۔

(A) شیخ محمد فاروق (B) شیخ ابراہیم (C) شیخ موسیٰ

(iii) مدو جزر اسلام کے خالق ہیں۔

(A) محمد حسین آزاد (B) حالی (C) شبلی

(iv) اکبر الہ آبادی کی سن وفات ہے۔

(A) ۲۰۰۰ء (B) ۱۹۰۰ء (C) ۱۹۲۱ء





یا د آدمی ہی نار ہے اور آدمی ہی نور — یاں آدمی ہی پاس ہے اور آدمی ہے دور
کل آدمی کا حسن و قبح میں ہے یاں ظہور — شیطان بھی آدمی ہے جو کرتا ہے مکر و زور
اور ہادی رہنما ہے سو ہے وہ بھی آدمی

پانی

جن و انساں کی حیات ہے تو — مرغ و ماہی کی کائنات ہے تو
ہے نباتات کا نمو تجھ سے — روکھ تجھ بن ہرے نہیں ہوتے
سب کو ہوتا ہے تجھ سے نشو و نما — روکھ تجھ بن ہرے نہیں ہوتے
تیری اک مشت خاک کے بدلے — لوں نہ ہرگز اگر بہشت ملے
جان جب تک نہ ہو بدن سے جدا — کوئی دشمن نہ ہو بدن سے جدا

—×—×

(۷) منصف کے عہدہ پر سرفراز شاعر کا نام ہے۔

(A) شبلی (B) اقبال (C) اکبرالہ آبادی

## (حصہ ب) SECTION-B مختصر سوالات 5×2=10

### Unit-I

درج ذیل میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھئے۔

(الف) نظم جدید (ب) انجمن پنجاب (ج) نظم معریٰ

### Unit-II

نظیر کے حالات زندگی پر روشنی ڈالئے۔

یا

شامل نصاب نظیر کی نظموں کے نام لکھئے۔

### Unit-III

حالی کی ابتدائی زندگی پر روشنی ڈالئے۔

یا

حالی اور غالب کے روابط پر نوٹ لکھئے۔

### Unit-IV

اکبرالہ آبادی کی سوانح پر روشنی ڈالئے۔

یا

اکبرالہ آبادی اور سرسید احمد کے مناقشہ پر مختصر نوٹ لکھئے۔

### Unit-V

درج ذیل میں سے کسی ایک کا مرکزی خیال تحریر کیجئے۔

(الف) آدمی نامہ (ب) حب وطن (ج) تعلیم نسواں





## (حصہ ج) SECTION-C تفصیلی سوالات 5×5=25

### Unit-I

جدید نظم کے ارتقائی سفر سے سیر حاصل بحث کیجئے۔

یا

جدید نظم پر علی گڑھ تحریک کے اثرات کی نشاندہی کیجئے۔

### Unit-II

نظیر اکبرآبادی کی نظم نگاری کا مفصل جائزہ لیجئے۔

یا

نظیر اکبرآبادی کی عوامی شاعری سے بحث کیجئے۔

### Unit-III

حالی کی نظم نگاری کا جامع جائزہ لیجئے۔

یا

حالی کی شاعری میں حب الوطنی کے موضوع پر نوٹ تحریر کیجئے۔

### Unit-IV

اکبرالہ آبادی کی شاعری کی خوبیاں تحریر کیجئے۔

یا

اکبر کی طنزیہ و مزاحیہ شاعری سے بحث کیجئے۔

### Unit-V

درج ذیل پارۂ نظم کی تشریح مع سیاق و سباق کیجئے۔

**R/363/21**

**M.A. III SEMESTER (Main/ATKT) EXAMINATION, DECEMBER-2021**

# Urdu Literature

## PAPER - III

## Tanqueed

**Time : Three hours** | **Maximum Marks : 40**
**Minimum Marks : 14**

**Note :**

نوٹ:۔ یہ سوال نامہ تین حصوں میں منقسم ہیں اور تین حصوں کے سوالات حل کرنا لازمی ہیں ہر حصے کے لئے الگ الگ نمبر مختص ہے۔

(حصہ الف)

نوٹ:۔ معروضی سوالات — 5×1 = 5

۱۔ مفروضہ کا تعلق کس سے ہے۔

(الف) تنقید (ب) تحقیق (ج) تخلیق

(۲) آب حیات تصنیف ہے۔

(الف) شبلی نعمانی (ب) محمد حسین آزاد (ج) حالی

(۳) نقل کی نقل کا نظریہ کس نے پیش کیا۔

(الف) افلاطون (ب) ارسطو (ج) سیموئل جانسن

(۴) اردو میں تقابلی مطالعے کی ابتداء کس نے کی۔

(الف) امداد امام اثر (ب) محمود شیرانی (ج) شبلی نعمانی





سوال نمبر ۱۱:۔ اردو ادب میں تنقید کی موجودگی صورت حال پر اپنے خیالات کا اظہار خیال کیجئے۔

یا

احتشام حسین کے حوالے سے مارکسی تنقید پر ایک نوٹ لکھئے۔

(۵) تنقیدی دبستان کس کی تصنیف ہے۔

(الف) سید عبداللہ (ب) سلیم اختر (ج) عبادت بریلوی

(حصہ ب)

5×2=10

نوٹ: درج ذیل سوالات برائے مختصر جوابات۔

سوال نمبر۲: تنقید کا مفہوم واضح کیجئے۔

یا

تنقید کی تعریف پر نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر۳: تنقید سائنس کی طرح ناگزیر ہے کا محاکمہ کیجئے۔

یا

تنقید و تحقیق کے باہمی رشتے کو واضح کیجئے۔

سوال نمبر۴: تذکرہ پر نوٹ لکھئے۔

یا

تنقید کے آغاز پر نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر۵: مشرقی تنقید کی خصوصیات بیان کیجئے۔

یا

شبلی کے حوالے سے مشرقی تنقید کے اصول بیان کیجئے۔

سوال نمبر۶: جدید تنقیدی رجحانات پر اظہار خیال کیجئے۔

یا

حالی کے مقدمہ شعر و شاعری کے اہم نکات بیان کیجئے۔





(حصہ ج)

5×5=25

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات تفصیل سے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر۷: تنقید کی اہمیت و افادیت پر روشنی ڈالئے۔

یا

ادبی تنقید پر مفصل نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر۸: اردو ادب میں تنقید، تحقیق اور تخلیق کے باہمی رشتے کو واضح کیجئے۔

یا

کیا تنقید کو تخلیق کا درجہ دیا جا سکتا ہے۔

سوال نمبر۹: "آب حیات" نے تذکرے اور تنقید کے درمیان راہ ہموار کی اس قول کی روشنی میں اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

یا

اردو ادب میں تنقید کے آغاز و ارتقاء پر ایک مضمون تحریر کیجئے۔

سوال نمبر۱۰: مشرقی اصول تنقید پر ایک مضمون لکھئے۔

یا

مغربی تنقید کے اثرات کی نشاندہی کیجئے۔

R/373/21

M.A. III SEMESTER (Main/ATKT) EXAMINATION, DECEMBER-2021

# Urdu Literature

## PAPER - IV

## जराए इबलाग

Time : Three hours | Maximum Marks : 40 | Minimum Marks : 14

Note :

نوٹ:- سبھی سوالات لازمی ہیں۔
تمام سوالوں کے نمبرات سامنے درج ہیں۔

(حصہ الف) (SECTION - A)

معروضی سوالات 1×5 = 5

سوال نمبر ۱:- مندرجہ ذیل سوالات کے صحیح جوابات منتخب کیجئے۔

(i) ماس میڈیا کی قسم نہیں ہے۔
(A) اخبار (B) ریڈیو (C) ٹی وی (D) روبوٹ۔

(ii) ادب کے کسی موضوع پر لکھا جاتا ہے۔
(A) شخصی فیچر (B) ادبی فیچر (C) ادبی انٹرویو (D) عملی فیچر

(iii) انٹرویو کے اقسام میں شامل ہیں۔
(A) انٹرویو برائے خبر (B) انٹرویو برائے شغل
(C) انٹرویو برائے رابطہ (D) انٹرویو برائے تفریح





سوال نمبر ۱۰:- انٹرنیٹ کی اہمیت پر روشنی ڈالئے۔

یا

ریڈیو اور ٹی وی کے منظر ناموں کو لکھتے وقت اصولوں کو مدنظر رکھنا چاہیئے۔ وضاحت کیجئے۔

—×—

(۶) کسی بھی اہم تقریب یا پروگرام کی تشہیر ضروری ہے۔

(A) پریس کلب (B) پریس انٹرویو (C) پریس کانفرنس (D) پریس پارٹی

(۷) اسکرپٹ لکھنے کے لئے ضروری ہے۔

(A) مکالمے لکھنے کا ہنر (B) واقعہ نگاری (C) شاعری (D) غزل گوئی

## (حصہ ب) Section-B

2×5=10

مختصر سوالات :-

سوال نمبر۲:- ماس میڈیا کی تعریف کیجئے۔ اور اسکی قسمیں بیان کیجئے۔

- یا -

ماس میڈیا میں اخبارات کی کیا اہمیت ہے۔

سوال نمبر۳:- ادبی فیچر کی تعریف کیجئے۔ اور اس کی اہم خصوصیات تحریر کیجئے۔

- یا -

واقعہ نگاری پر نوٹ لکھئے۔

سوال نمبر۴:- رپورتاژ کی تعریف کیجئے۔ اور اردو کے چار رپورتاژ نگاروں کے نام لکھئے۔

- یا -

انٹرویو کی چار قسمیں بیان کیجئے۔

سوال نمبر۵:- پریس کانفرنس کی تیاری کس طرح کی جاتی ہے۔

- یا -

کسی میٹنگ کی روداد لکھئے۔





سوال نمبر۶:- ریڈیو کے ڈرامے کا منظر نامہ کس طرح لکھا جاتا ہے۔

- یا -

انٹرویو کے چار سرچ انجنوں کے نام لکھئے۔

## حصہ س Section-C

5×5=25

سوال نمبر۷:- ماس میڈیا کے اصول اور اہمیت پر روشنی ڈالئے۔

- یا -

ماس میڈیا کی خصوصیات تحریر کیجئے۔

سوال نمبر۸:- ادبی فیچر لکھنے کا طریقہ کیا ہونا چاہیئے۔

- یا -

واقعہ نگاری کی اہم خصوصیات بیان کیجئے۔

سوال نمبر۹:- رپورتاژ کی ابتداء اور ارتقاء پر نوٹ لکھئے۔

- یا -

انٹرویو کس طرح لیا جاتا ہے اس میں کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیئے۔

سوال نمبر۱۰:- پریس کانفرنس کا طریقۂ کار بیان کیجئے۔

- یا -

کسی مشاعرے کی روداد لکھئے۔